✓MetroPlusHealth

50 Water St., 7th Floor • New York, NY 10004
1.800.303.9626 • TTY: 711 • metroplus.org

آپ کی ممبر ہینڈ بک کو تبدیل کر دیا گیا ہے۔

ایسے غیر دستاویزی غیر شہری جن کی عمر 65 اور اس سے زیادہ ہے

ایسے غیر دستاویزی غیر شہری جن کی عمر 65 سال یا اس سے زیادہ ہو، وہ MetroPlusHealth کے Medicaid مینجڈ کیئر پلان میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اس سے پہلے یہ افراد صرف اپنے Medicaid کارڈ کا استعمال کر کے ہی ہنگامی طبی خدمات حاصل کر سکتے تھے۔ اب، ان افراد کو MetroPlusHealth کی طرف سے فراہم کردہ صحت کی نگہداشت کی جامع خدمات تک رسائی حاصل ہو جائے گی، جو اس ہینڈ بک کے حصہ II میں مکمل طور پر درج شدہ ہیں۔

MetroPlusHealth کی طرف سے فراہم کردہ خدمات میں درج ذیل شامل ہیں، لیکن ان تک محدود نہیں ہیں:

- روک تھام کی معمول کی نگہداشت مثلاً ویکسین اور چیک اپس،
- دماغی صحت کی سروسز،
- دانتوں کے علاج کی مراعات،
- بصارت کی دیکھ بھال،
- فیملی پلیننگ سروسز،
- ہنگامی طبی نگہداشت، اور
- نرسنگ ہوم سروسز۔

اہل ممبران اپنا Medicaid کارڈ استعمال کر کے، Medicaid کے فارمیسی پروگرام NYRx کے ذریعے فراہم کردہ فارمیسی کی مراعات تک بھی رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

نوٹ: ان افراد کے لیے غیر ہنگامی نوعیت کی نقل و حمل کی مراعات دستیاب نہیں ہوں گی۔

دستیاب خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، براہ کرم ممبر سروسز کو 800.303.9626 (TTY: 711) پر کال کریں۔